# Visit of Foreign Secretary to Myanmar (November 20-21, 2022)

November 22, 2022

## خارجہ سکریٹری کا میانمار دورہ (نومبر 20-21, 2022)

**نومبر 22، 2022**

**خارجہ سکریٹری نے نومبر** 20-21, 2022 کے درمیان میانمار کا عملی دورہ کیا۔

2۔ میانمار کے سینئر رہنماؤں کے ساتھ اپنی ملاقاتوں کے دوران خارجہ سکریٹری نے ہندوستان اور میانمار کے سرحدی علاقوں میں سلامتی اور استحکام کو برقرار رکھنے پر تبادلہ خیال کیا؛ انہوں نے میانمار کے میوادی علاقے میں بین الاقوامی جرائم گروہوں کے ذریعہ انسانی اسمگلنگ کا مسئلہ اٹھایا جسمیں بہت سے ہندوستانی شہریوں کو پکڑے گئے ہیں اور اس کے ساتھ ہی دو طرفہ ترقیاتی تعاون کے منصوبوں کا بھی جائزہ لیا۔

3۔ خارجہ سکریٹری نے لوگوں پر مرکوز سماجی و اقتصادی ترقیاتی منصوبوں کے لیے ہندوستان کی مسلسل مدد کا بھروسہ دلایا، بشمول ہندوستان-میانمار سرحدی علاقوں کے ساتھ ساتھ، کالادن ملٹی موڈل ٹرانزٹ ٹرانسپورٹ پروجیکٹ اور سہ فریقی ہائی وے جیسے جاری ارتباطی اقدامات پر تیزی سے عمل آوری کے لیے ہندوستانی عزم کو دہرایا۔ خارجہ سکریٹری نے میانمار کے لوگوں کے فائدے کے لیے رخائن اسٹیٹ ڈولپمنٹ پروگرام اور بارڈر ایریا ڈولپمنٹ پروگرام کے تحت منصوبوں کو جاری رکھنے کے ہندوستان کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

نئی دہلی
نومبر 22، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.